سوال

(324) حرمین شریفین میں غیر مسلموں کی تعداد میں اضافہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حرمین شریفین آنے والے مسلمان یہ دیکھ کر قلق واضطراب میں بتلاہوجاتے ہیں کہ یہاں آنے والے غیر مسلموں کی تعداد میں آئے دن اضافہ ہی ہوتا چلا جارہا ہے توکیا آپ نے اس کے خطرات سے حکومت کو آگاہ کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں ان مشرکوں کی یہاں کثرت سے آمد کے خطرات کو مسلمان محسوس کرتے ہیں۔حاکم وقت کو بھی متنبہ کردیاگیا ہے کہ واجب یہ ہے کہ جزیرۃ العرب کو کافروں سے پاک کردیاجائے اورانہیں یہاں آنے اوررہنے کی اجازت نہ دی جائے،حاکم وقت نے بھی اتفاق فرمایا ہے کہ ان کی تعداد کو کم سے کم کردیاجائے گاا للہ تعالیٰ انہیں توفیق دے۔انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ وہ اس مسئلہ کو پوری پوری اہمیت دیں گے اوریہاں صرف اہنی غیر مسلموں کو بلائیں گے،جن کو یہاں بلانے کی ضرورت اورشدید حاجت ہوگی۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں ہر اچھے کام کی توفیق ونصرت سے نوازے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص448

محدث فتویٰ